اُن اہلِ دل کے لئے جو محبت کی خوشبو سے اُس جہاں کو مہکانا چاہتے ہیں
عملیاتِ حُب
سلح
ھو
سلح
مسجد
اھو
سلح
بلاء
سمع
طلس
سلح
سلح
سلح
خاکپائے بزرگانِ دین
مسلم اعظمی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یااللہ کرم فرما

شروع اللہ تبارک تعالیٰ تیرے نام سے کہ تو رحمٰن و رحیم ہے، یا اللہ تو ہی سارے جہانوں کا پروردگار ہے، حمد ثنا و تمام تعریفیں تیرے لئے کہ تو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، ہماری ہر ایک ایک سانس تیرے کرم و فضل کی محتاج ہے، تو واحد ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تو حاکم المطلق ہے، یا اللہ ہماری خطاؤں کو معاف فرما، صدقہ محمد ﷺ و آل محمد ﷺ کے کہ تو رحمٰن و رحیم ہے، امین ثمہ امین۔ اللہ تیری تمام نعمتوں کا شکر ہے، جو تو نے ماں کی کوکھ سے مجھے اس لمحے تک عطا فرمائیں۔ اور ان تمام نعمتوں کا بھی شکر ہے، جو تو مجھے اس لمحے سے میری آخری سانسوں تک عطا کرنے والا ہے، اور ان نعمتوں کا بھی جو بعد موت دوسرے جہاں میں محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ کے صدقے، ان کے وسیلے سے، تو رحیم و کریم ہے اپنے فضل و کرم سے عطا کرے گا۔ یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا شکر ہے، یا اللہ تیرا شکر ہے یا اللہ تو مجھے اپنے شکر بندوں میں شمار فرما، مجھے اپنے عاجز بندوں میں شمار فرما، یا اللہ میں تیرے کرم و فضل کا محتاج ہوں، میری ہر سانس تیرے فضل و کرم کی محتاج ہے، میرا ذہن و قلب تیری عظمتوں کا محتاج ہے، کرم فرما، کرم فرما، کرم فرما

عاجز بندہ، مسلم اعظمی

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

عملیاتِ حبُ

خاک پائے بزرگان دین
مسلم اعظمی

لبیک پبلیکیشنز کراچی

اسٹالسٹ

الریاض ناشران

غزنی سٹریٹ 6 فیروز سنٹر اردو بازار لاہور

فون: 042-7361320, 0321-9472859

نام کتاب .... عملیات حب

مولف، مرتب .... مسلم اعظمی

باراول ۲۰۰۸

پریس .... عماد پرنٹنگ پریس کراچی

ہدیہ .... 140:00 روپے صرف

ناشر .... حماد العارفین، داؤد مسلم

رابطہ 0322,2289257

ناشران .... لبیک پبلیکیشنز کراچی

اسمائے رسول ﷺ

اسمائے حسنیٰ عزوجل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ

محبت زندگی ہے۔زندگی محبت ہے،آپ محبت کے لئے ہیں،محبت آپ کے لئے،آپ محبت کیجئے،خود سے،اپنے رشتوں سے،جن سے آپ کی پہچان بنی ان سے،اپنے گھروں سے،اپنے محلوں سے،اپنے شہر سے،اپنے ملک سے،اور اس جہاں کے چپہ،چپہ سے،اس میں بسنے والوں سے،اللہ تبارک تعالیٰ کی تمام مخلوق سے، محبت ہی آپ کی پہچان ہے،محبت ہی آپ کا ایمان ہے،محبت ہی آپ کا دین ہے،اللہ عزوجل محبت ہے،اور محبت ہی عبادت ہے، محبت میں کسی قسم کی آلودگی نہ آنے دیں،اسے پاک صاف رکھیئے، اس جہاں میں ہر نظارے،ہر جلوے کو محبت بانٹئے،تاکہ آپ کو خالق کائینات اللہ تبارک تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہواو،نبی پاک رسول ﷺ کے سائے رحمت سے آپ جنت کے مکیں بن جائیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کو محبت کی عظمت سے سرفراز ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین،ثمہ آمین۔

انتساب

اس خوشبو کا نام

جو میرے آقا رسول اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ میں آپ کی تنِ آ

رائش رہی،

ان پھولوں کے نام

جنہیں میرے آقا ﷺ کی حیات مبارکہ میں، آپکے تنِ مبارک

کو بوسے لینے، عقیدت میں رہنے کا شرف حاصل رہا،

اس پتھر کے نام

آپ کی حیات مبارکہ میں جسے آپ کی انگلی میں زیب تن

رہنے کا اعجاز حاصل رہا۔

غلامان غلام، خاکِ پائے اہل بیت

مسلم اعظمی

فہرست

یہ لفظ عاجزی ہیں

یا میرے اللہ، یا میرے اللہ، یا میرے اللہ

میں فنا، میں فنا، یا میرے اللہ، میرے معبود، میرے خالق میرے رازق، میرے محافظ، تو ہی عبادت، تو ہی عشق، میں خاک، میں فنا، میری ہر سانس تیری رضا، میرے اندر بھی تو، میرے باہر بھی تو، ہر سو تو ہی تو، میں فنا تیری عظیم وبابرکت ذات مبارکہ پر، تیرے ہی قبضہء قدرت میں میری جان ہے اور عنقریب تیری رضا کے ساتھ تیرے پاس لوٹ کر آنا ہے۔ میری ہر سانس تیرے رحم کرم کی محتاج ہے۔ اللہ ہر لمحہ، میں تیری عاجزی میں ہوں، اور فنا کے لئے محو سفر ہوں۔ کوئی لمحہ میرے معبود تیرے نورانی عکس سے خالی نہ رہے۔ زندگی کا ہر موسم عاجزی میں رہے، یا اللہ میری عاجزی کو قبول فرما. آمین۔ قربان جاؤں میرے آقا نور مجسم، رحمت العالمین احمد مجتبیٰ، محمد مصطفےٰ ﷺ پر آپ کی نعلین مبارک تلے اس زندگی میں بھی اور بعد موت اس زندگی میں بھی رہوں۔ عظیم ہیں وہ لوگ جنہوں نے نعلین کی صورت اوپر سے دیکھی۔ لیکن مجھ میں جرائت کہاں نگاہ اٹھا سکوں۔ ویسے بھی جنہیں نعلین کے نیچے خاک بن کر رہنے کا شرف حاصل ہو وہ کیسے نعلین کی آرائش دیکھ سکتے ہیں۔ وہ تو اپنے آقا کے وجود سے خارج ہونے والی خوشبو میں بد مست رہتے ہیں، یہی مدہوشی زندگی ہے، ان کی تو آرائش ہی خاک ہوتی ہے، اللہ تبارک تعالیٰ مجھ میں مزید عاجزی اور ان نگاہوں کو مزید ادب وشرم وحیا عطا فرمائے. آمین۔

یہ شہر عشق ہے یہاں عشق کا بازار ہوتا ہے
ہو عاجزی جس میں وہ سودا شمار ہوتا ہے
یہاں درود میں غلام بکا کرتے ہیں
ہو فنا جو عشق میں، یہاں وہ کاروبار ہوتا ہے

مسلم اعظمی

یہ مقام محمد ﷺ ہے۔ یہاں وہی کاروبار کرے جو عشق محمد ﷺ میں عاجزی کے حسن سے مالا مال ہو جس نے نعلین ﷺ کی خاک سے اپنی آرائش رکھی ہو۔ جس کے قلب کی دھڑکنیں اللہ

حو کی تجلیات میں پُر نور رہیں اور زبان درود پاک ﷺ کی رحمت سے سیراب رہی ہو۔ اللہ تبارک تعالیٰ تمام اہل ایمان کو یہ جنوں، یہ عشق عطا فرمائے۔ آمین۔

ایک عرصہ بعد آپ سے مخاطب ہیں۔ آپ کے ہاتھوں تک اس کتاب کو پہنچنے میں کافی وقت درکار رہا آپ کو انتظار کی زحمت سے جو تکلیف پہنچی اس کی معذرت چاہتے ہیں۔ آج کتنے موسموں کے بعد یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے گو کہ یہ کتاب ہمارے مزاج سے منفرد ہے۔ لیکن اہل ذوق کا اصرار اسقدر تھا کہ آج یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ آپ سے درخواست ہے آپ خدارا ان عملیات کو صرف اور صرف نیک اور سچی محبت کے لئے عمل میں لائیں۔ اپنی نیت کو ہمیشہ پاک رکھیں اس سے اس دنیا میں بھی آپ کو راحت حاصل رہیگی اور آخرت میں بھی اس کا عذر آپ کو حاصل رہے گا۔ لیکن ایک بات جو ہمارے وجود ہماری روح کو خوف سے لرزہ رہی ہے۔ وہ حضرات ہیں جو ابلیسی ذہنیت رکھتے ہیں۔ کہیں وہ ان عملیات سے غلط فائدہ حاصل نہ کرلیں۔ لیکن ہم انہیں خبردار کرتے ہیں اگر انہوں نے اپنی ابلیسی ذہنیت سے کسی کی عزت کو آلودہ کرنا چاہا تو میرا پروردگار قوت عظیم ہے اور تمام جہانوں کا پروردگار ہیں۔ اس قوت کے جلال سے، اس کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے۔ اس آیت مبارکہ کو وہ لوگ توجہ سے پڑھیں جو اس دنیا کو ہی زندگی سمجھتے ہیں۔

ترجمہ قرآن حکیم:...... (اور جنہوں نے برے کام کئے تو برائی کا بدلہ ویسا ہی ہوگا اور ان کے موہنوں پر ذلت چھا جائے گی۔ اور کوئی ان کو اللہ تبارک تعالیٰ سے بچانے والا نہیں ہوگا۔ ان کے موہنوں کی سیاہی کا یہ عالم ہوگا کہ ان پر گویا اندھیری رات کے ٹکڑے اڑھا دیئے گئے ہوں۔ یہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے)۔

(سورہ مائدہ، ۲۷)

یہ آیت مبارکہ ان لوگوں کے لئے اللہ تبارک تعالیٰ کی طرف سے تاکید ہے خبرداری ہے یقیناً یہ لوگ اللہ تبارک تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے۔ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ اس لئے ہماری التجا ہے کہ آپ کوئی بھی ایسا کام نہ کریں جس سے آپ کے جسم کو اپاہج پن کا عذاب سہنا پڑے یا کوڑھ جیسی بیماری آپ کے جسم کو بدصورت، بدنما بنادے۔ اللہ نہ کرے ایسا ہو کہ آپ کی نیت میں آلودگی آئے، آپ کے وجود سے تعفن اٹھے چند لمحے کی لذت تم سے زندگی کی تمام بہاریں چھین لے۔ خدارا ان عملیات کو صرف اور صرف محبت میں رشتہ ازدواج کو قائم کرنے کے لئے استعمال کریں۔

اک عرض ہے

ہم یہ نہیں کہیں گے کہ بازار میں جو کتب عملیات و تعویذات کی دستیاب ہیں وہ غلط ہیں۔ اور انہیں ترتیب دینے والے حضرات زندگی کے ان شب وروز سے کس قسم کے خزانے سمیٹ رہے ہیں لیکن آپ سے ہم یہ عرض کرتے چلیں کہ ہم نہ پیر ہیں نہ عامل، ہم تو اللہ تعالیٰ کے وہ عاجز بندے ہیں جو صرف اس کی عاجزی میں رہتے ہیں اور یہ عاجزی ہی ہماری زندگی ہے اور ہماری زندگی کی آرائش عاجزی کے بیش قیمت گہنہ سے ہے۔ یہ میرے آقا نبی اکرم ﷺ کی رحمتوں کا نزول ہے۔ ورنہ ہم تو خاک ہیں، اوّل بھی خاک آخر بھی خاک۔ یہ بزرگان دین و اہل علم کی نظر کرم ہے کہ ان کتب کی ترتیب و تزئین میں ہماری خدمت حاصل رہی اور یہ ان کی کرم فرمائی ہے کہ ان کی ریاضت و محبت، عشق الٰہی سے حاصل انعام کے چند نقطے آپ کو ہدیہ کرنے کی سعادت حاصل کرتے رہے ہیں۔ اگر اللہ تبارک تعالیٰ کی کرم نوازی اور بزرگان دین کی نظر عنایت رہی تو یہ خدمت انجام دیتے رہیں گے۔ یہ سب میرے پروردگار کا کرم اور آقا نبی پاک ﷺ کی رحمت کا نزول ہے۔ ورنہ ہم تو خاک ہیں اور خاک ہی رہیں گے اور خاک میں فنا ہو جائیں گے۔ خاک تو خاک ہی ہوتی ہے۔ پھر خاک کیا، اس کی اوقات کیا اور دعویٰ کیا۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

ظاہر ہے یہ تمام عملیات بزرگان اہل علم و اہل عشق کی ریاضت کا حاصل ہیں جو ہم نے اس کتاب کے صفحات پر آپ کو ہدیہ کئے ہیں۔ ہم تو اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی میں ہیں اور ہر لمحہ اس کی عاجزی میں رہتے ہیں۔ اور اس لمحہ بھی اس کی عاجزی و التجا میں ہیں، اللہ تو کریم ہے اور میں تجھ سے ہی اپنی کوتاہیوں کی پناہ مانگتا ہوں، توبہ طلب کرتا ہوں، معافی مانگتا ہوں۔ میں نے یہ تمام تعویذات و عملیات نیک نیت اور اے میرے معبود تجھ سے خوف میں رہ کر تحریر کئے ہیں۔ اور میں تجھ سے التجا در التجا، عاجزی در عاجزی میں ہوں۔ جو حضرات ان عملیات کو غلط نیت کے تحت اپنے مصرف میں لائیں انہیں میں تیرے عذاب سے آگاہ کرتا ہوں اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی تو ہی سزا دینے والا ہے۔ میں کمزور ہوں میرے مالک تو ہی قوت والا

میرا معبود ہے۔ان کے وجود کو ایسے عذاب میں مبتلا فرمادے جو آنے والی نسلوں کے لیے عبرت ہو اللہ صرف ان بندوں کو جو تیرے احکام کی نافرمانی کرتے ہیں اور تیرے بندوں کی عزتوں سے کھیلتے ہیں جو ابلیس کو اپنا خدا مانتے ہیں اور تجھ سے فریب کرتے ہیں۔اللہ میں تجھ سے شیطان مردود کی پناہ مانگتا ہوں۔اللہ مجھے ہمیشہ،تاقیامت اپنی پناہ میں رکھ اور ہر لمحہ اپنی عاجزی میں رکھ۔اللہ مجھ پر اور اہل ایمان مومنوں پر اپنا فضل وکرم عطا فرما۔آمین۔

آپ سوچ رہے ہوں گے۔ہم نے زبردست کتاب کی تعریف وتوصیف تو کی نہیں یقیناً آپ اس کے متمنی ہوں گے۔لیکن ہم کیا عرض کریں یہ محبت کے لئے ہے،محبت جو اس کائنات کا محور ہے محبت ہی مرکز کائنات ہے۔اگر یہ جذبہ سچا ہو تو کائینات کے تمام رنگ،تمام خو شبوئیں روح کا سنگھار بن جاتی ہیں یہ ایسی قوت ہے جس کے ایک ادنیٰ اظہار سے دنیا کی تمام آلودگی یک لخت پاکیزگی میں بدل جاتی ہے نفرتیں رنگ وخوشبویات سے کھیلنے لگتی ہیں۔خزائیں بہاروں کا راگ الاپنے لگتی ہیں محبت بیمار وا پاہج زندگی کی مسکراہٹ ہے۔مایوس سانسوں کی امید وآرزو ہے۔محبت نگاہوں کا طلسم ہے،محبت دلوں کی رونق ہے،محبت عبادت ہے اور عبادت اللہ باری تعالیٰ ہے۔اور صرف وہی اول وآخر عبادت کے لائق ہے اور ہم صرف اور صرف اس کی عبادت کرتے ہیں۔ہماری ان اہل دل سے درخواست ہے اس محبت کو پاکیزہ جذبے سے کریں۔اس میں کسی بھی قسم کی آلودگی،ابلیسی خباثت کو شامل نہ کریں اگر آپ نے ہماری درخواست پر توجہ دی تو آپ کی زندگی انشاء اللہ تعالیٰ محبت کی خوشبویات سے معطر اور خوشگوار رنگوں سے بھرپور گذرے گی۔ایک بات اور عرض کرتے چلیں ان عملیات کو حسب ہدایت اور ترتیب سے کریں۔انشاء اللہ آپ کو اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل رہے گی۔اور آپ کی ازدواجی زندگی واہ واہ گذرے گی۔اہل ایمان سید رخواست ہے کہ ہمارے حق میں دعا کریں۔اور ہمارے والدین کے لئے ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر ایصال ثواب کریں شکریہ۔

ہماری سانسوں میں زندگی کی رونق رہی تو انشاء اللہ تعالیٰ اگلی کتاب کے صفحات پر ملاقات ہوگی ورنہ یہ حرف آخر ہیں۔اللہ حافظ

خاکپائے آل نبی ﷺ

مسلم اعظمی عفی عنہ

عملیات سے پہلے

اب ہم ان اہل دل سے مخاطب ہیں جن کے دل کسی کی محبت میں بے قرار ہیں۔اور وہ اسے اپنی شریک زندگی بنانا چاہتے ہیں۔اگر وہ حضرات جو عملیات سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں سب سے پہلے تو اپنے آپ پر بھرپور توجہ دینی ہوگی۔تاکہ کسی بھی کمی یا عجلت کے باعث ناکامی نہ ہو

❀❀❀

نماز کی پابندی کریں

عمل شروع کرنے سے تین روز پہلے درود شریف کا ورد ہر لمحہ جاری رکھیں،کسی لمحہ اس رحمت نور سے غافل نہ ہیں یہی بنیاد ہے۔جس پر آپ کے عمل کی شاندار عمارت قائم ہوگی اس کلام عظیم کی تجلیات نور کی عمارت جو میرے پروردگار معبود عظیم کی کتاب قرآن عظیم کی قوت نور ہے،اس نور کی تجلیات سے آپ اپنی زندگی کو روشن کر سکتے ہے،لیکن اس کے لئے آپ در مصطفےٰ،احمد مصطفی رحمت اللعالمین ﷺ کی رحمت سے اپنے قلب وذہن کی آلودگی کے صاف کرنا ہو گا،دورد پاک سے اپنے ظاہر وباطن کو پاک کرنا ہوگا اندھیرے کو روشنی سے بدلنا ہوگا۔

❀❀❀

مقام سکون

مقام جس جگہ آپ اس عمل کو کریں وہ پر سکون ہو،جہاں کوئی آواز آپ کے تخیل میں مخل نہ ہو،کوئی آہٹ پریشان نہ کرے،کوئی اندیشہ،رنجش نہ ہو،عملیات کے لیے وقت بعد نماز عشاء یا فجر کے بعد صرف ایک گھنٹہ۔اگر اس سے زیادہ وقت عمل ہو تو رات کا وقت پرسکون رہے گا۔

❀❀❀

خوشبویات

خوشبویات کا بھرپور خیال رکھیں، کوشش کریں ہلکی اور بھینی بھینی خوشبو ہو، ویسے آپ عنبر، عود، لوبان، وغیرہ سلگا سکتے ہیں، اگربتی بھی خوشبو کی دستیاب ہوتی ہیں۔ آپ دوران عمل انہیں دھونی کیلئے استعمال کرسکتے ہیں۔

❀❀❀

قلم اور کاغذ

اکثر حضرات کو دیکھا ہے وہ کسی بھی عام کاغذ پر تعویز لکھ لیتے ہیں اور عام قلم استعمال کر لیتے ہیں، لیکن اگر ان دونوں اشیاء کو پاک کرلیا جائے تو کیا برائی ہے، ہم یہ نہیں کہتے وہ غلط ہے، چونکہ غیب کا علم تو صرف میرے معبود عزوجل کو ہے، ہم تو یہ کوشش کرتے ہیں ہر چیز کو اسی طرح پاک و پاکیزہ رکھیں جیسا کہ ہمیں بزرگوں سے وراثت میں ملا ہے ایسا کرلیا جائے تو ہمارا ہی فائدہ ہے۔ ہماری اپنی تسلی کیلئے۔ نہ جانے کن کن حضرات کے ہاتھوں سے یہ چیزیں گزرتی ہیں، اللہ تبارک تعالیٰ ہمیں پاکیزہ رہنے اور پاک چیزوں کو استعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ امین، ہاں تو ہم عرض کر رہے تھے، قلم سرکنڈے کا استعمال کریں، اسے اچھی طرح سمندر یا دریا کے پانی سے سات مرتبہ پاک کریں، لیکن قلم تراشنے کے بعد۔

اسی طرح وہ کاغذ جس پر آپ نقش لکھنا چاہتے ہیں، اسے بھی سمندر، دریا یا کنویں کے پانی سے تین مرتبہ پاک کرلیں، صرف تہہ کیا ہوا کاغذ پانی میں ڈالیں اور نکالیں۔ اور اسے احتیاط کے ساتھ دھوپ میں پاک جگہ سکھائیں، آپ چاہیے تو اس کاغذ پر استری کر سکتے ہیں، ورنہ کوئی ضرورت نہیں ہے، نقش تحریر کرنے سے پہلے اس کاغذ پر ۱۱۹ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ اور دم کریں، اور ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کریں، آپ یہ عمل پہلے بھی کر سکتے ہیں۔
اور دم کریں، اور ایک سو گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کریں، آپ یہ عمل پہلے بھی کر سکتے ہیں۔
پہلے کاغذ کے نقش کے مطابق ٹکڑے کرلیں، اور ہر ٹکڑے پر مندرجہ بالا عمل کر کے رکھ لیں، اور ہاں وقت ضرورت صرف تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اس پر نقش تحریر کر سکتے ہیں۔

❀❀❀

فاتحہ نذر و نیاز

فاتحہ کا بھرپور خیال رکھیں، ہر جمعرات کو نبی پاک ﷺ و آل محمد ﷺ، آل علیؓ، بزرگان دین کی فاتحہ دے کر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ حسب توفیق خواہ صرف پانچ روپے کی ہو، اگر یہ ممکن نہ ہو تو ایک مٹھی آٹا اور ایک چھٹانک چینی دونوں چیزوں کو ملا کر چیونٹیوں کو ڈال دیں۔

جس روز عمل کرنا ہو، اس روز آقا نور مجسم ﷺ و آل محمدؐ و آل علی بزرگانِ دین کی فاتحہ دیں، دوسری فاتحہ اس آیت کریمہ کے موکلات کی دیں۔ دونوں شرینی کو تقسیم کریں۔ ہو سکے تو اس دن روزہ رکھیں، اگر یہ ممکن نہیں ہے تو ہر بدبودار چیز سے چوبیس گھنٹے سے پرہیز کرنا شروع کر دیں۔ محبت کا نقش لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھ لیں۔ نقش کو ہمیشہ عرق گلاب، زعفران، اور مشک کی سیاہی بنا کر لکھیں، ہو سکے تو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے درمیان مندرجہ ذیل آیت مبارک کو ایک سو ایک بار پڑھ کر سیاہی پر دم کر کے رکھ لیں۔ اور استعمال کے وقت اس آیت مبارکہ کو صرف تین بار پڑھ کر سیاہی پر دم کر کے اپنے مصرف میں لائیں۔

کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے اللہ بارک تعالیٰ سے عاجزی کریں۔ اور آقا نبی پاک ﷺ سے رحمت کے نزول کی درخواست کریں۔ اور آل محمد ﷺ، اور بزروگانِ دین سے مدد کی التجا کریں۔ اس کے بعد تصور محبوب رکھ کر عمل کریں۔ محبت کا کوئی عمل کر رہے ہوں یا تعویز تحریر کر رہے ہوں۔

❀❀❀

ایک عرض اور ہے

کوئی بھی تعویز یا عمل میں طالب و مطلوب کے ساتھ انکی والدہ کا نام پکارنا، تحریر کرنا ضروری۔ احتیاط اور ہدایت کے طور پر ہم نے یاد دہانی کردی ہے۔ عام اہل دل تو صرف اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کریں اور مندرجہ بالا ہدایت پر عمل کرتے ہوئے محبت کے شجر سے سایہ فگن ہو سکتے ہے۔ لیکن اہل فن و عامل حضرات کیلئے کچھ قوائد و ضوابط ہیں۔ انہیں اچھی طرح ان کو ذہن نشین رکھنا چاہیے۔ یہاں ہم حرف تہجی کی تختی دے رہے اور ساتھ ہی قوائد۔

❀❀❀

ابجد، ھوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ

عملیات میں ان کا یاد رکھنا انتہائی ضروری ہے، چونکہ ہم ہندی کو نہیں عربی نظام کو اولیت و فوقیت دیتے ہیں، گو علم الاعداد ایک وسیع، جامع علم ہیں اگر آپ چاہیں تو اسے الگ سے سیکھ سکتے ہیں لیکن یہاں نہایت مختصر عرض کریں گے۔

چونکہ ہمارا موضوع "حبُ" ہے اس لئے نہایت مختصر آپ کو آگاہی دیں گے۔ اردو اور عربی میں جو فرق آتا ہے ہم اسے ہی واضع کریں گے، اردو اور عربی میں چند لفظوں کا فرق ہے جو کہ عربی میں وہ لفظ نہیں آتے جب کہ اردو میں چند الفاظ زائد ہیں ہم اسے ہی روشن کرنے کی کوشش کریں گے۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے عربی میں ڈ، ڑ، ژ، چ، گ، نہیں ہوتے، اس لئے ان کو ان لفظوں کے ساتھ ان کے خانوں میں نمائش کردئے ہیں جو ان کی آواز کو اپنے وجود میں سمو لیتے ہیں۔ اب تو آپ کو کسی قسم کی ذہنی کوفت نہیں ہوگی۔

حروف تہجی کے مقررہ حروف واعداد مندرجہ ذیل ہیں۔

ا۱	ب۲	ج۳	د۴
ہ۵	و۶	ز۷	ح۸
ط۹	ی۱۰	ک۲۰	ل۳۰
م۴	ن۵	س۶۰	ع۷۰
ف۸	ص۹	ق۱۰۰	ر۲۰۰
ش۲۰۰	ت۴۰۰	ث۵۰۰	خ۶۰۰
ذ۷۰۰	ض۸۰۰	ظ۹۰۰	غ۱۰۰۰

یہاں ہم آپ کو ان اعداد کو استعمال کرنے سے جو اعداد ظہور میں آتے ہیں، آپ کی سہولت کے لئے مشق کئے دیتے ہیں۔ لیکن ایک بات یاد رکھیں۔ درمیان میں (بن یا بنت) جو آتا ہے اسے اس اصول مشق سے خارج سمجھیں۔ البتہ نقش کے نیچے یا کس مقام پر جب بھی آپ تحریر

کریں گے صنف نازک کیلئے (بنت) اور مردوں کیلئے (بن) استعمال ہوگا۔

طریقہ اعداد نکالنے کا درج ذیل ہے:۔

طالب مطلوب۔

جاوید بن بلقیس ارم بنت زبیدہ

لفظوں کو الگ الگ کریں:۔

طالب۔ ج ا و ی د ب ل ق ی س 160,10,100,30,2 4,10,6,1,3

24 302

مطلوب۔ ارم ز ب ی دہ

40,200,1 5,4,10,2,700

241 721

کل مجموعہ:

24+302+241+721=1288,

لیجئے وہ اعداد نکل آئے جو آپ نے تلاوت کرنے ہیں۔ کوئی بھی اسم پاک کو آپ اس حساب سے اتنی تعداد میں پڑھیں گے، لیکن یہ اس وقت اور اس جگہ قانون ہوگا جہاں پہلے سے وظیفے کی تعداد تلاوت مقرر نہیں ہے۔

یہ تو آپ کو معلوم ہے آپ یقیناً اہل عقل، اور اس علم وفن کی مختلف کتب سے مستفیض ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن اس کے سوا چند لفظوں کی وضاحت ہماری اپنی تسلی کیلئے زیر تحریر ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے اجرام فلکی کی گردش کو اپنے احکام کے زیر ہدایت رکھا ہے، لیکن ان میں پوشیدہ اسرار وعلم سے اہل عقل نے بنی آدم کے لئے کئی نقطے اسکی افادیت میں واضع کئے ہیں، یہ میرے پروردگار کا ان پر کرم رہا ہے کہ آج ہم نے ان کی فراخدلی کے تحت اس سے آگاہی پائی۔ جس طرح دن رات کے اثرات کائینات اور انسان کی زندگی پر مثلت رہتے ہیں، اسی طرح برج اور ستاروں کی گردش بھی انسان کی زندگی میں مختلف رنگ بکھیرتے ہیں، ان میں کچھ ستارے انسان کی زندگی کیلئے سعید ہوتے ہیں اور کچھ نحوست کا باعث بنتے ہیں، ان کی گردش اور مقام کی تبدیلی کے اثرات انسان کے شب وروز پر مثلت رہتے ہیں، اسلئے آپ سے عرض ہے کہ محبت کے عملیات ان ایام یا اوقات میں کریں جب طالب ومطلوب کے ستارے سعید مقام پر ہو

ں،اور ان کو خوشی کی خبر سنا رہے ہوں، ہمارا کہنا تو یہ کہ آپ کوئی بھی عمل کریں، اجرام فلکی کی نیک ساعت میں کریں۔ اب آپ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کتاب شروع کر دیں۔

اور اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کے ساتھ اپنی کامیابی کی دعا کریں اللہ ہی قوت والا حکمت والا ہے۔

اللہ تبارک تعالیٰ ہمارے ذہنوں وقلبوں کو ہر آلودگی سے پاک فرمائے کر اسے پاکیزگی عطا فرمائے اور ہمارے دلوں کو محبت کی خوشبو سے معمور وشاداب فرمائے۔ آمین

❀❀❀

جب کوئی تعویذ محبت کا لکھنا ہو

یہ بھی ضروری ہے کہ آپ یہ چند سطور پہلے پڑھ لیں، تاکہ ہمیں اطمینان حاصل ہو جائے کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ اور آپ کو بھی نفع ونقصان، نیکی وبدی کا احساس ہو جائے، اللہ تبارک تعالیٰ ہی قوت والا، عظمت والا ہے، اس سے خوف میں رہ کر عمل کریں،

جب کے لئے اگر تعویذ لکھنا ہو تو چاند کے شروع مہینہ میں جمعرات کے دن آفتاب نکلتے ہی ایک گھنٹہ کے اندر اندر لکھ لیا جائے۔ یا جمعہ کے دن آفتاب نکلنے کے ۴ گھنٹہ گذر جانے کے بعد پانچویں گھنٹہ کے اندر اندر لکھ لیجئے۔ پیر کے دن آفتاب نکلتے ہی ایک گھنٹہ کے اندر اندر ہی لکھ لیا جائے۔ لکھتے وقت اگربتی یا لوبان یا عود لکڑی کی دھونی کی جائے۔ ہر مہینہ میں ڈھائی دن قمر در عقرب کے ہوتے ہیں۔ ہر ایک جنتری میں لکھا ہوتا ہے۔ جب کہ تعویذ محبت لکھنا پڑے ہو تو ان ڈھائی دن کے اندر نہ لکھے نہ پڑھنا شروع کرے اسی وقت قلم بنائے پاک وصاف ہو کر وضو کر کے لکھے۔ لکھتے پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے۔ کوئی عورت بھی پاس نہ ہو۔ لکھتے وقت کاغذ اپنی ران پر رکھے خیال محبوب کا دل میں رکھے۔ جہاں کہیں فلاں بن فلاں لکھا ہے۔ وہاں تعویذ کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنے کا لکھنا ہو تو تعویذ لکھ کر پہلے عورت کا نام اس کی ماں کا نام لکھے پھر مرد کا اور مرد کے باپ کا نام لکھنا چاہئے۔ اور اگر مرد کو اپنے قابو میں لانے کا یا حاکم وغیرہ کا ہو۔ تو پہلے مرد اور حاکم بادشاہ کا نام لکھے۔ پھر اپنا نام لکھے۔ حرام کرنے یا زنا کاری کے لئے کوئی تعویذ یا آیت قرآن شریف ہرگز نہ لکھے ورنہ تباہ ہو جائیگا۔ جس عورت کو اپنے قابو میں لاکر نکاح کا ارادہ نہیں رکھتا ہو وہ کام نہ کرے اگر نکاح کا ارادہ ہو تو ایسے نیک کام کے

واسطے اجازت ہے جو عمل چاہے کرے۔ کسی کی بیاہتا (منکوحہ) کیلئے ایسا نہ کرے کہ میرے قبضہ میں آجائے۔

لہٰذا بدخیال والے اصحاب سے التماس ہے۔ کہ اگر آپ کو کسی پاکباز اور کسی مرد کی سرمایہ ناز عورت باعصمت سے عشق ہو گیا ہے تو خدا کے واسطے اپنے بدخیالات بدلئے اور کسی اور جگہ اپنا دل بہلائیے۔ آپ سچ جانئے بزرگوں کا یہ سچا قول آپ کے آگے آئے گا۔ کرونی خویش آمدنی پیش یعنی جیسا کرو گے ویسا آپ کے آگے آئیگا۔

اگر آپ ہماری کتاب کے عملیات کو ناجائز کاموں کے استعمال میں لاؤ گے تو اس میں شک نہیں کہ تمہیں اپنے مقصد میں کامیابی تو ضرور حاصل ہو جائیگی اور جس مطلوب کے آرزومند ہو گے اس سے وصال ہو جائیگا لیکن اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ یہ کہ خدا کی طرف سے تم کو سزا ملے گی۔ ہمیشہ کے لئے شیطان کے مرید بن جاؤ گے۔ روح جو انتہا ترقی کے قابل ہے۔ اس کی آزادی ہمیشہ کیلئے رک جائیگی اور جہنم کے دروازے آپکے لئے کھول دیئے جائینگے۔ یقین جانو شہوت کی آگ کبھی نہیں بجھتی۔ بلکہ زیادہ خواہش کرنے سے زیادہ بھڑکتی ہے۔ مگر اس کا انجام بربادی ہوتا ہے۔ خود تو جہنم رسید ہو گے لیکن اپنے ساتھ نہ جانے کتنی نسلوں میں تمہارا یہ زہر کفر اگلتا رہے گا۔

خدارا! امت محمدی ﷺ ہونے کے ناطے اپنے پر اور گھر پر رحم کرو اگر تم خود اپنے پر رحم نہیں کرو گے تو تم پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے رحم نہیں کیا جائے گا۔ اگر بد کرو تو ہماری بددعا ہے کہ تمہارا وجود گل سڑ کر لوگوں کیلئے نشان عبرت بنے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا○

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○﴾

❀❀❀

عملیات کے بارے میں

تجلیات قرآن حکیم، ارشادِ عزوجل

قرآن مجید فرقان حمید کے ہرایک حرف اور ہرایک لفظ میں ایک عظیم طاقت مخفی ہے۔ یہ مخفی طاقت ہی ایمان ویقین کی بنیاد پر اللہ کی مخلوق کو عظیم فائدے پہنچاتی ہے۔ قرآن پاک سے فیض وبرکات حاصل کرنے کے لیے یقین کا ہونا اشد اور انتہائی ضروری ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ"O

یہ کتاب (قرآن مجید) اس میں کچھ شک نہیں (کہ کلام اللہ ہے اللہ سے ڈرنے والوں کی راہنما ہے۔ (سورۃ البقرہ: آیت ۲)

ڈرنے والوں کا لفظ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ جن کے دلوں میں اللہ کا خوف ہے وہی اس کی ہدایتوں کو مانتے ہیں اور وہی اس کتاب سے فائدہ حاصل کرتے ہیں اور جو وسوسوں میں مبتلا ہوتے ہیں وہ ہمیشہ نقصان اٹھاتے ہیں۔

اللہ کی قسم! شک لانے والوں پر یہ کتاب لاریب اپنے راز آشکار نہیں کرتی، کیونکہ شک اور وسوسہ شیطان کی طرف سے آتا ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ کا کلام مخفی علوم کا ایسا نایاب خزانہ ہے جس سے اہل ایمان ہی فیض حاصل کرتے ہیں اور امیر ہوتے ہیں ایسے امیر جس کے سامنے دنیا کی تمام دولت ہیچ ہے اہل ایمان کے لیے قرآن حکیم شفا ہے۔ مگر یہ ایسا گہرا اور عمیق سمندر ہے جس کی تہہ تک پہنچنا آسان نہیں۔ عمر گزر جاتی ہے لیکن کسی بھی لفظ کے صوتی اثرات سے بھی ہم واقف نہیں ہوسکتے۔ چہ جائیکہ ایک خاص اسم یا آیت کے اثر تک رسائی حاصل کرنا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے کوئی عمل دو چار دن صحیح یا غلط پڑھا اور جب کوئی فائدہ نظر نہ آیا تو اسے چھوڑ دیا کہ یہ سب فریب ہیں لوگوں نے کھانے کمانے کے ڈھنگ نکالے ہیں۔ عزیز من! اللہ کے کلام میں سب کچھ ہے اپنا ایمان مضبوط رکھیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ پر یقین کی سچائی کے ساتھ بھروسہ، اعتقاد

رکھیں پھر عمل کیجیے۔ کمال تو یہ ہے کہ جس قدر ناکامی ہوتی جائے اسی قدر آپ کا ذوق طلب اور یقین واعتقاد بڑھتا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس ومقدس پر صرف اعتماد کرنے کی بات ہے اور بندہ اپنے پروردگار پر یقین کر کے جو عمل کرتا ہے وہ کبھی ناکام نہیں رہتا۔ اور بسم اللہ مجرھا ومرسھا پڑھتے ہوئے ایک ایسی جست لگائیں کہ سمندر کی تہہ میں بیٹھ جائیں اور ہیروں ڈموتیوں سے دامن مراد بھرلیں۔

ایک احسن طریقہ اور تدبیر زیر تحریر ہے آپ یقین کامل کے ساتھ عمل پیرا ہوں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی وکامرانی آپ کے قدم چومے گی۔ اگر آپ کے خاندان میں کوئی شخص ناراض ہے مثلاً بہن بھائی، میاں بیوی یا کوئی عزیز رشتہ دار، حاکم افسر یا عزیز دوست روٹھ چکا ہے۔ یا کسی شخص سے آپ کو غرض ہے اور وہ آپ کو دیکھنا پسند نہیں کرتا۔ کسی مقدمہ میں الجھ گئے ہیں اور آپ کو خوف ہے کہ حاکم فیصلہ خلاف نہ کردے۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی O

کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔

(سورۃ آل عمران، آیت ۱۹۵)

یہ اللہ جل شانہٗ قدوس وعدہ فرمارہے ہیں اب اگر کوئی عمل کرے اور کامیابی نہ ہو تو قصور اپنا ہی ہوگا کیونکہ اللہ جل شانہٗ کا وعدہ صحیح اور سچا ہے، آپ عمل کو حسب قاعدہ کرلیں گے تو اس کے اثر سے محروم نہ رہیں گے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

آپ جائز طریق پر کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً خاوند اپنی حلال بیوی کو چھوڑ کر غیر بازاری عورتوں کی طرف راغب ہے تو بیوی خاوند کے لیے عمل کرسکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند ہمیشہ کے لیے بیوی کا عاشق بنا رہے گا کسی مخالف کو اپنا موافق بنانا چاہتے ہیں یا کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کر کے اپنی طرف رجوع کرانا چاہتے ہیں حتیٰ کہ کسی بھی فرد کو جائز امور کے لیے مسخر ومطیع کرنا چاہتے ہیں تو انشاء اللہ مطلوب کے دل میں آپ کی شدید محبت پیدا ہوگی تسخیر خلق کے لیے بھی یہ عمل قوی الاثر ہے تسخیر محبت اور رجوع مردوزن نیز جلب قلب اور مخالفین کو اپنا بنانے کے لیے ان دو آیات مقدسہ کی روحانیت سے فیض حاصل کریں۔ وہ دو آیات مبارکہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1. وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖٓ اِخْوَانًاO

اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی۔ (سورۃ آل عمران آیت ۱۰۳)

2. وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّ رَحْمَۃًO اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ O

(سورہ الروم آیت ۲۱)

اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تا کہ ان کی طرف (مائل ہو کر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کر دی جو لوگ غور کرتے ہیں ان کے لیے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔ ان آیت مبارکہ کو نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے درمیان اکیس اکیس بار پڑھیں اور تصور رکھیں جس کے لیے آپ یہ عمل کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ اکیس روز میں اللہ تبارک تعالیٰ کا فضل ہوگا۔ اللہ ہی حکمت والا عظمت والا ہے۔

❁❁❁

کوئی بھی عمل عروج ماہ کی نوچندی یا محبوب کی سعد نیک میں اپنے مصرف میں لائیں۔ شوہر اور بیوی میں رنجش ہے۔ کسی سبب سے ذہن میں آلودگی آگئی ہے تو نیک نیت کیساتھ اور، ایک بار پھر آپ عرض ہے اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کے ساتھ عمل کو باترتیب وہدایت کریں انشاء اللہ کامیابی یقینی ہے۔ عمل کرتے وقت محبوب کا دلکش چہرہ آپ کے تصور میں مجسم رہے، اور یقین کامل سے قلب کی سچائی کے ساتھ اپنی زندگی میں بہار کا موسم جگانے کی کوشش کریں۔ لیکن یہ توجہ رہے کہ عمل شروع کرنے سے تین روز پہلے سے ہر نماز کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ سے عاجزی کریں اور درودِ پاک کا ورد ہر لمحے جاری رکھیں، کسی بھی لمحے غافل نہ رہیں، یہ ہم اس سے پہلے بھی عرض کر چکے ہیں، بار بار التجا آپ کی کامیابی کے لئے، یاد دہانی رہے، اگر آپ میں یہ عاجزی رہی تو پھر آپ اس عمل کی قوت، تجلیات نور ملاحظہ فرمائیں۔

❁❁❁

عشق الٰہی بزگان اہل علم

کلام الٰہی میں اہلِ ایمان کے لئے شفاء ہی شفاء ہے قسمت بدلنے کے کروڑ ہا راز پوشیدہ ہیں، ان اسرار سے صرف میرا پروردگار ہی آگاہ ہے وہی عالم الغیب ہے لیکن معبود اللہ عزوجل نے ان اہل ایمان واہل عشق کو چند نقطوں سے ضرور آگاہ فرمادیا ہے۔ جنہوں نے اس عبادت کو زندگی کی روشنی بنالیا۔ جن کی ریاضت، محنت پھر وقت کی محتاج نہ رہی، یہی عشق کی سرمستی تھی اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی میں شب و روز کی بہاریں تھیں کہ اس کی کریمی سے ان کی روح نظارۂ تجلیات ہوئی، نور کی کریمی سے سرشار ہوئی۔ اور پھر اس کریمی کا سلسلہ در سلسلہ بزرگانِ دین، اہل عشق، اہل علم وفن کے سینوں میں رت جگوں سے اللہ تبارک تعالیٰ کو راضی کرتا ہوا ہم تک پہنچا۔ جو ہم یہاں ہدیہ کر رہے ہیں۔ اس کی قدر کیجئے۔ جاہلوں سے محفوظ رکھیں۔

کسی بھی عمل کو کرنے سے پہلے ان بزرگانِ دین باوسیلہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ وآل محمد ﷺ، وآل علیؑ کی فاتحہ دلا کر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں اور تین روز پہلے سے درود شریف کا ورد زبان وقلب سے جاری رکھیں، اور تین روز بعد اس عمل کو مصرف میں لائیں یہ خیال رہے اس روز نوچندی جمعرات یا محبوبہ کی سعد نیک ہو۔ یہ عمل زیر ہدایت باترتیب عمل میں لائیں۔ اللہ ہی قوت والا، عظمت والا ہے۔

❁❁❁

عمل حب کے لئے

دربیان عشق الٰہی

(۱)......وبنا برآسانی ہر مشکل

یہ ان اہل عشق کے لئے ہے۔ جو اپنے معبود سے محبت رکھتے ہیں۔ اور اس کی قربت پانے کی جستجو میں رہتے ہیں۔ ان اہل عشق کو چاہئے کہ اس رباعی کو پنجگانہ بعد ہر نماز کے صدق دل اور رجوع قلب سے بااعتقاد اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھے۔ بعد درگاہ الٰہی میں سر بسجود ہو کر دعا کرے اور ہر وقت اس رباعی کو ورد رکھے اور عشق الٰہی میں محو رہے۔ چلتے پھرتے اپنی زبان کو اس رباعی کی نورانیت سے معمور رکھے انشاء اللہ تعالیٰ کچھ عرصہ میں مراد دلی پائے اور عشق الٰہی جلد حاصل ہو جائے۔ اکیس ۲۱ یوم کے بعد اسکے پڑھنے کا اثر خود ظاہر اور آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ لیکن ایک بات یاد رکھیں۔ درود پاک کو بھی اس قدر اپنے ورد میں رکھے۔ اوّل و آخر ضرور باضرور گیارہ گیارہ باب تلاوت کریں۔ پھر آپ اللہ تبارک تعالیٰ کی کرم نوازی دیکھیں۔ وہی قوت والا، عظمت والا ہے۔

❁❁❁

رباعی

ات رَب غم عشق خود عطا کن
وز بند جہان مر رہا کن
ہردارز دیدہ پردہ غیب
وزدہم وقتم جد اکن

❁❁❁

عمل حب کے لئے

دربیان عشق الٰہی

(۲)......وبنا برآسانی ہر مشکل

یہ عمل بھی اللہ عزوجل سے محبت کے لئے ہے۔ اس رباعی سے آپ اپنی جائز حاجت بھی طلبکر سکتے ہیں۔ محبت میں یہ عمل لاجواب ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے اگر اس رباعی کو اکتالیس ۴۱ مرتبہ بعد ہر نماز کے صدق دل اور پاک طبیت سے پڑھے اور درگاہ الٰہی میں سر بسجود ہو کر دعا مانگے اور ہر وقت دل میں مطلوب کا خیال رکھے۔ گویا وہ سامنے ہی موجود ہے تو اکیس ۲۱ یوم کے اندر اندر طالب کو مطلوب مل جائے گا۔ مگر خلاف شریعت پر اس کا اثر نہ ہوگا۔ اللہ ہی قوت والا عظمت والا ہے۔

رباعی

ابدل بخیال یا ربن شین
وصز غیر بر ہند چشم خود بی
تا کے شوی ہچو باد گردان
صرو گو شہ بکوئے دوست مگزین

❁❁❁

اگر اس رباعی کو اٹھارہ ۱۸ مرتبہ بعد ہر نماز کے صدق دل سے پڑھے اور ہر وقت مطلوب کا خیال رکھے اس طرح کرنے سے اگر رجوع قلب راست ہوگا تو اس کا اثر مقناطیس سے بھی زیادہ ہوگا اور مطلوب کو جلد کھینچے گا۔ مگر خلاف شریعت کام پر اس کا اثر نہ ہوگا۔ اور آپ کا بھی منہ کالا ہوگا۔

❁❁❁

عمل حبُ کے لئے

در بیان عشق الٰہی

(۳)......وبنا بر آسانی محبّ

رباعی

ایدلبر ماماباش بید لبرما
یکدلبرما بہ از دو صد دلبرما
نہ دلبر مانہ دلبر اندر برما
یا دلبرما فرست یا دلبرما

طریقہ عمل:

اس میں بھی وہی خصوصیات ہے۔ جو کہ اس سے قبل رباعیات میں تجلیات نو ہیں۔ اگر اس رباعی کا گیارہ مرتبہ بعد ہر نماز کے ورد رکھے تو اللہ چاہے ایک ہفتہ میں مطلب حاصل ہوگا۔ لیکن خلاف شریعت کام پر کچھ اثر نہ ہوگا۔ اور ذلیل وخوار بھی ہوگا۔

درود پاک کو اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھیں۔ اللہ ہی قوت والا عظمت والا ہے۔

❀❀❀

عمل حبُ کے لئے

در بیان عشق الٰہی

(۴)......وبنا بر آسانی محبّ

رباعی

گردریمنی کہ بامنی پیش منی
درپیشم منی چوبے منی در یمنی
من باتو چنانم اے نگا ریمنی
خود در غلطم کہ من توام یا تومنی

❀❀❀

دیگر

اگر اس رباعی کو اکیس ۲۱ مرتبہ بعد ہر نماز کے پڑھے اور درگاہ الٰہی میں سر بسجود ہو کر دعا مانگے تو میرے پروردگار نے چاہے ایک ہفتہ میں اس نوری الفاظوں کا اثر ظاہر ہوگا۔ مگر خیال فاسد پر ہرگز اثر نہ ہوگا۔ اور ذلیل وخوار الگ ہوگا۔ اللہ ہی قوت والا عظمت والا ہے۔

رباعی

یارب تو مرا بیار دمساز رسان
آوازہ دردم بہم آواز رسان
آنکس کہ من او فراق او غمگینم
اور، ابمن و مراباو باز رسان

❀❀❀

عمل حبُ کے لئے

قربِ الٰہی

یا اللہ اپنی بزرگی کے صدقے ہم سب کو اپنے محبت عطا فرما، رسول پاک ﷺ کی رحمت عطا فرما، امین۔ جو اللہ تبارک تعالیٰ سے محبت رکھتے ہیں ان کی ہمیشہ سے خواہش رہتی ہے اپنے معبود کا قرب حاصل ہو۔ یہ ان اہلِ ایمان کے لئے ہے جو قلب کی سچائی سے اللہ تبارک تعالیٰ کا قرب چاہتے ہیں۔ یہ اللہ تبارک تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے خاص ورد ہے کہ صبح و شام سات سات بار تین سورتیں پڑھا کریں۔ اللہ ہی قوت والا، عظمت والا ہے۔

(۱) سورۃ الفاتحہ سات بار صبح وشام۔

(۲)......سورۃ اخلاص سات بار صبح وشام

(۳)......سورۃ الم نشراح سات بار صبح وشام۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○

❁❁❁

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ○ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

❁❁❁

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ○ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ○ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ○ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ○

عمل حبُ کے لئے

دیدار مصطفیٰ ﷺ

یا اللہ اہل ایمان کو آپ ﷺ کی رحمت عطا فرما، شفاعت عطا فرما۔ آمین۔

یہ ان اہل ایمان کے لئے ہے جو اپنے آقا سے محبت رکھتے ہیں۔ جنہیں نبی پاک ﷺ سے محبت نہیں وہ ہرگز مسلمان نہیں ہوسکتا۔ اہل ایمان تو ہر لمحہ اس جستجو میں رہتا ہے انہیں اپنے آقا ﷺ کا کسی بھی طرح دیدار نصیب ہو جائے، یہی اہل ایمان ہیں جو دن قیامت کے دیدار میں سب سے پہلے شرف بازیاب ہوں گے۔ اللہ تبارک تعالیٰ ان کی جستجو کو یہاں بھی ناکام نہیں رکھتا، وہ یہاں بھی مایوس نہیں رہتے۔ اگر آپ نبی پاک سے سچی محبت رکھتے ہیں تو اس عمل کو سچے دل سے دنیا سے بے خبر، بھول کر اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ یہ عمل خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے مجرب ہے۔ جمعہ کی شب کو پاک صاف لباس پہنے، خوشبو لگائے اور بعد نماز عشاء دو رکعت حاجت نفل پڑھے اور اللہ تبارک تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگے دیدار نبی پاک ﷺ کی، جس قدر عاجزی کر سکتا ہے کرے۔ اس کے بعد ایک بار درود تاج، ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھے۔ تین جمعرات کے اندر زیارت ہوگی۔ درود قادر یہ آسان رہے گا وہ پڑھ لے۔ اللہ ہی قورت والا، عظمت والا ہے۔

درود تاج ایک بار پڑھنی ہے۔

درود تاج ﷺ

بسم اللّٰہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ

وَالْحَرَمِ o شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِالدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِالْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ o جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ o صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ o وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ o وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ o وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ o وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ o وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ o وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ o سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ o شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ o اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ o رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ o رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ o مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ o شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ o سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ o مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ o مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنَ o سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ o نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ o اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ o وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ o صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ o جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِاللّٰهِ o یٰۤاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا o

❁❁❁

آیت مبارکہ تجلیات نور جو ایک ہزار بار تلاوت کرنی ہے۔

اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ o فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ o اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ o (پارہ ۳۰)

درود قادر یہ ہے۔ جو ایک ہزار بار پڑھنا ہے

اللھم صل علی محمد ن النبی الامی وعلی الہ وبارک وسلم۔

❁❁❁

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حبُ کا حرف اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں جو اسرار اللہ تبارک تعالیٰ نے پوشیدہ رکھے ہیں جو اہل ایمان اس کی تجلیات نور کو قلب کی سچائی کے ساتھ اپنے ایمان میں سمو لے اس پر آتش نمرود حرام ہے۔ وہ آگ میں نہیں جل سکتا۔

تورات و زبور و انجیل اور قرآن شریف اور تمام سابق کتب سماوی کے معانی کا مجموعہ قرآن شریف ہے اور قرآن پاک کے معانی کا مجموعہ سورۃ الفاتحہ ہے اور سورۃ فاتحہ کا مجموعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے اور بسم اللہ کا مجموعہ حرف با ہے۔ جس کے معانی یہ ہیں کہ اللہ تبارک تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ:...... ''میرے ہی ساتھ تھا وہ جو تھا اور میرے ہی ساتھ وہ ہے جو ہوگا''۔

ہم چاہتے ہیں اس آیت مبارکہ کی تجلیات نور سے (اہل علم کی تحقیق کی روشنی میں) آگاہی اہل ایمان کے لئے گوش اقدس کر دیں تاکہ اس کی عظمت سے قلب کو روشنی حاصل ہو سکے۔ یہ آیت مبارکہ محبت میں افضل ترین ہے۔ اس کے سوا اہل ایمان کے بے شمار مسائل میں تجلیات نور ہے۔ اس لئے اس پر اہل ایمان کو مکمل توجہ رکھنی چاہیے۔ گو کہ یہ کتاب عملیات حبُ پر مبنی ہے۔ لیکن ہم چاہتے ہیں چند حرف آپ کی زندگی میں تجلیات نور ہو سکتے ہیں تو آپ اس سے بھی استفادہ حاصل کریں، جو آپ کی دکھی زندگی کو بہار بنا سکتے ہیں۔ اس لئے ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تجلیات نور سے نہایت مختصر آگاہی دے رہے ہیں۔

علم جفر نے بسم اللہ کی ب کو بڑی اہمیت دی ہے کیونکہ حرف ب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا پہلا حرف ب ہے یہ حرف اسی وجہ سے قرآن مجید کے بھی حرف آغاز کی حیثیت رکھتا ہے اس لیے کہ بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے کسی بھی آیت پاک کی تلاوت کرنا بھی منع ہے۔

چونکہ یہ اللہ تبارک تعالیٰ کی صفات اعلیٰ کی غماز اور اہل ایمان کے لیے بے شمار اسرار میں گندھی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد ابجد قمری ۷۸۶ بمطابق ابجد شمسی ۶۴۶۷ ہیں اس کو اگر الگ الگ حروف میں لکھا جائے تو کل انیس حروف ہیں جن میں دس حروف غیر مکرر ہیں اگر تخلیص کیا جائے تو یہ حروف رہتے ہیں ب س م ال ہ ر ح ن ی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ۱۹ حروف ہیں۔ اسی طرح اسماء پنجتن پاک یعنی محمد ﷺ، علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ میں بھی ۱۹ حروف ہیں۔

اسی طرح ملائکہ محافظین دوزخ میں بھی (۱۹) حروف ہیں۔ قرآن مجید میں ۱۱۴ سورۃ مبارکہ ہیں۔ ہر سورت سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جاتی ہے لیکن سورۃ التوبۃ سے پہلے بسم اللہ شریف نہیں ہے اس طرح ۱۱۳ تعداد ہوتی ہے لیکن سورۃ النمل میں آیت نمبر ۳۰ کے طور پر ایک دفعہ آئی ہے اس طرح قرآن پاک میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تعداد (۱۱۴) ہوگئی۔ اس میں اسم اعظم پوشیدہ ہے تین اسماء الٰہیہ مبارکہ اس آیت پاک میں ہیں ایک اللہ تعالیٰ کا اسم ذاتی اللہ اور دو صفاتی اسماء رحمٰن اور رحیم ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ہم اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ رحمٰن اور رحیم اس کی صفت ہیں وہ دین میں رحیم اور دنیا میں رحمٰن ہے۔ بسم اللہ شریف کے اسرار فوائد اور خواص کا احاطہ کرنا میرے جیسے ناقص عقل انسان کے بس کی بات نہیں۔

میرے آقا نبی پاک ﷺ کا فرمان پاک ہے کہ ہر کام سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھو اس سے برکت ہوتی ہے کسی نبی کی قوم کو اس جیسا مبارک اسم عطا نہیں ہوا۔ یہ اسم اعظم ہے۔ اس کے پڑھنے سے ہر مشکل دور ہوتی ہے۔ رزق میں برکت، دشمن دفع، دولت کی فراوانی، اگر اسے متواتر قلب کی سچائی کے ساتھ پڑھے تو ایک سال میں لازمی امیر ہو جائے۔ گمشدہ واپس آئے، ذہن اور حافظہ تیز ہو تنگدستی دور ہو۔ بچہ کی پیدائش میں سہولت، اولاد کی زندگی، قیامت کے روز نجات کا عمل، ہر بیماری کا علاج، ظالم کی ہلاکت، حب و بغض، شادی و غمی، سفر، کاروبار میں خیر و برکت، قرض کی ادائیگی، شادی کے ارمان کی بجاآوری، ملازمت کا حصول، غرض وہ کون سی دنیا کی مشکل ہے۔

لوح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یہ ہے

جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پڑھنے سے دور نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی عملیاتی زندگی اختیار کرنا چاہے تو اسے ساری زندگی صرف یہی ایک عمل کافی ہے کسی عمل کی حاجت نہیں رہتی کوئی بھی مشکل پیش آئے چاہے سزائے موت ہی کیوں نہ ہو صرف بارہ ہزار مرتبہ ایک جلسہ میں ہر ہزار کے بعد دو نفل پڑھنے سے وہ بھی ٹل جاتی ہے بارہ دن کا عمل ہر دنیاوی مشکل کو دور کر دیتا ہے یہ وہ عمل ہے جس میں کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں۔ اس کا عامل دوسرے عاملین سے بے پرواہ ہو جاتا ہے میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کا عمل آپ کو بے پرواہ کر دے گا۔

❀❀❀

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اتنے خواص ہیں کہ اس کے لیے کئی صفحات درکار ہیں مگر جو لوح بسم اللہ شریف اللہ جل شانہٗ کی طرف سے اہل ایمان کے لیے تحفہ ہے اور یہ لوح آپ کی ہر پریشانی کو راحت میں بدل دے گی۔ آپ اس کو آسانی سے تیار کر سکتے ہیں اس لوح کے ساتھ چند مخصوص اسم الٰہی ہیں ان کا پڑھنے کا طریقہ الگ ہے۔ شادی کے لیے، دو اشخاص کے درمیان ناچاقی دور کرنے کے لیے یا جامع۔ کشائش رزق کے لیے یارزاق۔ ہر مشکل اور بندش کاروبار کے لیے یافتاح۔ یاباسط۔ عہدہ و مرتبہ اور دفع دشمن کے لیے یابدیع یاعلی۔ تسخیر افسران اور خلقت میں معزز ہونے کے لیے یا جلیل یا

عزیز یا معز. گریختہ کو واپس بلانے کے لیے یامعید۔ حاضری مطلوب کے لیے یا ودود. کامیابی امتحان کے لیے یاحسیب اور محبت میں بے قرار کرنے کے لیے یابدوح پڑھنے اور لوح استعمال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نوچندی جمعرات اتوار شرف قمر نوروز کے مبارک موقع کے علاوہ ہر ستارہ کے شرف میں زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈال لیں اور جو مقصد ہو روزانہ ایک ہزار بار پڑھیں مثلاً کسی لڑکی کا رشتہ درکار ہے تو وہ لوح تیار کر کے گلے میں ڈالے اور روزانہ ایک ہزار بار 19 روز تک بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بحق یا معطی پڑھے۔ نقش کے نیچے اپنا نام معہ والدہ کے لکھے۔ نقش کو اسی طرح نقل کرلیا جائے۔ صدقہ پنجتن پاک انشاء اللہ 19 روز میں ہر مقصد پورا ہوگا بشرطیکہ جائز ہو۔ اللہ ہی ہر حاجت پوری کرنے والا ہے۔ وہ رحم و کریم ہے وہ رحمٰن ورحیم ہے۔ یہ مکمل لوح تسخیر کا کام دے گی۔ آپ اللہ تبارک تعالیٰ پر مکمل یقین اور قلب کی سچائی کے ساتھ عمل کریں۔

❁❁❁

وہ رحمٰن ورحیم ہے۔ یہ مکمل لوح تسخیر کا کام دے گی۔ آپ اللہ تبارک تعالیٰ پر مکمل یقین اور قلب کی سچائی کے ساتھ عمل کریں۔ انشاء اللہ ...... پروردگار کرم و فضل فرمائے گا۔ یہ لوح آپ حبُ کے لئے بھی استعمال میں لائیں انشاء اللہ کامیابی حاصل رہے گی۔ اللہ ہی قوت والا عظمت والا ہے۔

❁❁❁

عملِ حبُ کے لئے

نقش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہاں ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا دوسرا نقش دے رہے ہیں جو آپ کی سچی محبت میں نوید بہار کی مانند ہے۔ لیکن اپنے قلب کو ہر آلودگی سے پاک صاف رکھیں۔ اور حسب قوائد اسے اپنے عمل میں لائیں۔ ہم زیادہ تفصیل میں نہیں جائیں گے، چونکہ آپ کو عملیات کی تفصیل سے آگاہی ہے۔ اب آپ عمل کو اس طرح شروع کریں۔

نقش پر کرتے وقت پاک اور عمدہ لباس ہو ورنہ بہتر یہ ہے کہ چادر بڑی لے کر احرام کی طرح آدھی باندھ لیں اور آدھی اوڑھ لیں اور عطر بھینی بھینی خوشبو کا لگائیں تو بہتر ہے نہایت ادب اور خلوص سے یہ نقش پر کرنا شروع کریں نقش لکھتے وقت آپ بالکل تنہا ہوں اور کوئلے دہکا کر اس پر برادہ صندل و لوبان ڈالتے جائیں۔ جس روز سے نقش شروع کریں چار رکعت سنت نمازِ عصر سے پہلے ضرور پڑھ لیں۔

اختتام عمل سے نقش پر کرنے تک قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا کریں بعد ختم تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اب روزانہ انیس نقش آپ کو تحریر کرنا ہوں گے۔ انیس روز یہی اس کی زکوٰۃ ہے روزانہ کے نقش تہہ پر تہہ نیچے اوپر رکھتے رہیں لیکن یہ خیال رکھیں کہ کوئی نقش کم نہ ہو۔

جب نقش پر کر چکیں تو تین روز درود شریف پڑھ کر ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھا کریں روزانہ حسب استطاعت شیرینی سامنے رکھ کر بعد بسم اللہ شریف پڑھنے کے اس شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کر دیا کریں بحکم اللہ انیس دن میں آپ کی ہر مراد پوری ہوگی۔ محبت کے لئے اکسیر ہے۔

نقش یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

❁❁❁

عملِ حُب کے لئے

آ زندگی بنالوں

قربان جاؤں، میں اپنے پروردگار معبود و خالق کے، میرے ماں باپ اس پر قربان، میری آل اس پر قربان یہاں ہم جو بھی عمل تحریر کر رہے ہیں اس کی قوت سے آگاہی ناممکن ہے، آپ کے لئے اور ہمارے لئے یہ بڑی عظمت کی بات ہے کہ یہ میرے پروردگار کے عظیم کلام قرآن حکیم کی تجلیات نور سے ہے۔ یہ عمل سورۃ بقرہ سے تجلیات نور ہے، اس سے وہی اہل ایمان استفادہ حاصل کر پائیں گے جن کے قلب و ذہن ہر آلودگی سے پاک ہیں جو سچی محبت سے اپنی ازدواجی زندگی کو سنوارنا چاہتے ہیں، وہ حضرات جو کسی گلاب صورت کے دیوانہ ہوگئے ہیں اور اسے اپنی زندگی کا ہم سفر بنانا چاہتے ہیں۔ اس عمل کے ذریعے رشتہ ازدواج قائم کرنا چاہتے ہیں یہ انکے لئے شجر حیات ہے پہلے اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کریں۔ پھر تین روز یعنی عمل سے پہلے تین ایام درود شریف سے اپنی زبان وقلب کو شادابی عطا کیجئے۔ کسی بھی لمحہ درود پاک کے ورد سے غافل نہ رہیں تیسرے روز محمد ﷺ آل محمد ﷺ، حضرت علیؓ آل علی اور بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا کر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں اور اس عمل کو باترتیب ہدایت عمل میں لائیں۔

محبت کے لئے درج ذیل کی آیتیں مبارکہ اکسیر ہیں۔ ان آیتوں کو سات روز نماز فجر کے بعد اکیس کاغذوں پر حسب قوائد اول و آخر درمیان درود پاک کے لکھیں اور دریا۔ نہر میں بہادیں لیکن ایک بات کا مکمل خیال رہے اس پر طالب ومطلوب اور انکی والدہ صاحبہ کا نام ہونا ضروری ہے۔ ساتویں روز ان میں سے اکیسواں تعویز لکھ کر دونوں میں سے کسی ایک کو دیں۔ درود پاک تحریر ہے۔

عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منهم مودة واللہ قدير

(سورۃ ممتحنہ ۶۰ آیت ۔۷)

ومن الناس من یتخذ من دون اللہ انداداً یحبونهم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ

(سورۃ بقرہ ۲ آیت ۔۱۶۵)

درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

❁❁❁

عملِ حُب کے لئے

دل سے دل کو

مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کو عمل میں لانے کے لئے ضروری ہے آپ اکیس روز اس آیت مبارکہ کو نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد اسے اول و آخر درود پاک درمیان میں ایک سو ایک بار روزانہ پڑھیں یاد رکھیں کسی دن ناغہ نہیں ہونا چاہیے۔ آخری روز اس آیت مبارکہ کو حسب ہدایت عمل میں لائیں۔

آیت مبارکہ:

سِلْ یَارَسُوْلَ اَحِیْرًا سُوْلَ بِحَقِّ اِشْرَاھِیًا مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ O مَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس کو صرف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پان پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔ لیکن اپنی نیت کو پاک رکھے۔ انشاء اللہ مطلوب کا دل مطیع وفرماں بردار ہو جائے گا۔ اور ہمیشہ چاہنے والا ہوگا۔

درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

❁❁❁

عمل حب کے لئے

تیری چاہت میں

سِلْ یَارَسُوْلُ اَجِیْرًا سُوْلَ بِحَقِّ اِشْرَاهِیًا مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ O مَاارْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

مندرجہ بالا عمل سے استعفادہ حاصل کرتے ہوئے اس عمل کو کریں اور اپنی قسمت جگائیں۔اسے بھی آپ اسی ترتیب سے کریں گے تجلیات نور کی روز پان پر یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلائیں انشاءاللہ محبوب آپ کی کشش میں مبتلا ہوجائے گا۔

اسم مبارک یہ ہیں۔

یَاافْتَابَ الْمُسْغَرِ وَلُوَاسِ بَسْتَمْ وَسُوْخْتَمْ دل و جان وعقل وھوش وفہم ووھم وھفت اندام فلان بن فلان عَلٰی حُبِّ بْنِ فلان اِسْرَعْ طُرْفَةَ الْعَیْنِ اَلْوَاحَا اَلسَّاعَةُ السَّاعَةُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

معنی	رحمٰن	رحیم
کریم	الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں	محمود
قادر	محب	مجیب

کَتَبَ هٰذَا التَّعْوِیْذَ اَلْحُبُّ فلان بن فلان علیٰ حب فلان بن فلان شدید اَلْحُبِّ لَا بَغْضَاءَ اَبَدًا بِحَقِّ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ بِحَقِّ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

عمل حب کے لئے

محبوب کی چاہت میں

اگرانسان کے دل میں سچی محبت ہو ذہن وقلب ہرآلودگی سے پاک ہوتو محبت کے گلستان میں بہار کے موسم جگائے جاسکتے ہیں عمل کوئی بھی ہو،اپنے اندر قوت واسرار سمیٹے ہوتا ہے یہ تو آپ کی نیت اور لگن پر ہے کہ آپ اس عمل کو کس قدر سچائی کیساتھ کرتے ہیں۔ہماری درخواست ہے آپ جس کی محبت سے اپنے وجود میں قوس وقزح سجانا چاہتے ہیں اسے بڑی سچائی کے ساتھ اپنانے کی کوشش کریں،محبوبہ اگر سنگ دل یا برہم مزاج ہے تو آپ قطعی فکر نہ کریں۔آپ کلام الٰہی پر یقین رکھیں اور اللہ تبارک تعالیٰ کی عاجزی کیساتھ اس عمل کو اپنے مصروف میں لائیں۔محبوبہ چاہے کس قدر سخت دل ہو،آپ کے پیار کی خوشبو اسے پگھلا دے گی۔

اس مقصد کے لئے مطلوب کے کپڑے پر ذیل کے نقوش کو لکھ کر گھی کے چراغ میں روشن کرے اور چراغ کے پاس گلاب کا پھول رکھے۔لیکن ایک بات کا خیال رہے گلاب کا پھول تازہ اور سرخ ہو۔یہ عمل بھی اکیس روز کا ہے۔

انشاءاللہ مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہوجائے گا یا پھر اس کی محبت میں گرفتار ہوجائے

گا۔نقوش یہ ہیں:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

	یااللہ	یااللہ	
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
	یااللہ	یااللہ	

فلاں بن فلاں کی جگہ طالب ومطلوب کی ماں کا نام بھی لکھیں۔

۵۱۶۸۶۹۹ ک ۱۱۱۱۱ و حط الساہ ۵۵ ماہ

الحب فلان بن فلان اعلیٰ حب فلان بن فلان.

❁❁❁

عمل حب کے لئے

دلوں کو موم کرے

یہ عمل افسرانِ اعلیٰ کے دلوں کو موم کرنے میں اکسیر اعظم ہے لیکن اس عمل کو مصرف میں لانے سے پہلے تین روز تک درود شریف کے ورد سے اپنی زبان وقلب کو شیریں رکھیں، کسی بھی لمحہ اس سے غافل نہ رہیں تیسرے روز عروج ماہ کی نوچندی یا سعد محبوب کی نیک ساعت میں اس عمل کو باترتیب کریں۔انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

فَسَیَکۡفِیۡکَہُمُ اللّٰہُ وَہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ (سورۃ بقرہ۲، آیت نمبر۱۳۷)

❁❁❁

عمل حب کے لئے

افسر اعلیٰ محبت کریں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا افسر اعلیٰ آپ سے محبت رکھے تو آپ اس عمل کو حسب ہدایت پڑھیں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی،

نماز فجر کے بعد جہاں آپ نے نماز فجر ادا کی ہے اسی مقام پر اوّل وآخر اکیس اکیس بار درود پاک کے درمیان اس آیت مبارکہ کو ایک سو ایک بار روزانہ پڑھیئے۔یہ عمل اکیس روز کا ہے انشاءاللہ تعالیٰ آپ کی تمنا ضرور پوری ہوگی۔آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَلَمَّا سَکَتَ عَنۡ مُّوۡسَی الۡغَضَبُ اَخَذَ الۡاَلۡوَاحَ وَفِیۡ نُسۡخَتِہَا ہُدًی وَّرَحۡمَۃٌ لِّلَّذِیۡنَ ہُمۡ لِرَبِّہِمۡ یَرۡہَبُوۡنَ (سورۃ اعراف۷، آیت۱۵۴)

پھر یہ تلاوت کریں۔

اَطۡفَأۡتُ غَضَبَ کَذَا وَکَذَا بِلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسۡتَجۡلَبۡتُ مَوَدَّتَہٗ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

❁❁❁

درود پاک ﷺ

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاہِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاہِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ اَللّٰہُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاہِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاہِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ

❁❁❁

عمل حب کے لئے

اللہ مجھے ملادے

قرآن کریم کی عظیم آیت مبارک سے یہ عمل تجلیات نور ہے۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے نور تو نور ہی ہوتا ہے۔ جس تجلیات کی آگاہی نے طور جلادیا تھا خدارا آپ اس نور کے بارے میں کوئی وسوسہ نہ پیدا کیجئے ہمارے اور آپ کے لئے یہی کافی ہے کہ یہ کلام الٰہی ہے۔ میرے معبود میرے خالق کا کلام لیکن اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے اوّل تین روز دن رات چلتے پھرتے درود شریف کا ورد جاری رکھیں اور عمل شروع کرتے وقت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ آل محمد آل علیؑ اور بزرگان دین کی فاتحہ دلا کر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ اور اس عمل کو ہدایت باترتیب عمل میں لائیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ لیکن اپنے ذہن وقلب کو ہر آلودگی سے پاک رکھیں۔

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ تجلیات نور کو بعد از نماز فجر اور بعد از نماز مغرب گیارہ مرتبہ پڑھے، جبکہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی تلاوت کرے۔

انشاء اللہ ضرور کامیاب وکامران ہوگا۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

(سورۃ آل عمران ۳، آیت ۱۶۵)

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ O

(سورۃ آل عمران ۳، آیت ۱۳۴)

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ O

(سورۃ انعام ۶، آیت ۱۲۲)

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ O

(سورۃ یوسف ۱۲، آیت ۳۱)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا O

(سورۃ بنی اسرائیل ۱۷، آیت ۱۱۱)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا O (سورۃ احزاب ۳۳، آیت ۶۹)

❀❀❀

عمل حب کے لئے

محبوب کی چاہت

یہ عمل بھی قرآن کریم کی عظیم آیت مبارک سے ہے اس آیت مبارک کی شانِ کریمی کے بارے میں ہم کیا عرض کریں زبان لرزاں بر اندام ہے اور ذہن کو یہ صلاحیت کہاں کہ وہ ایک لفظ کے اسرار سے بھی آگہی حاصل کر پائے یہ تو میرے پروردگار کی کریمی ورحیمی ہے کہ اس نے اپنے پیارے بندوں کو اپنے فضل سے نوازہ اور بزرگان دین نے سخاوت کا یہ مظاہرہ فرمایا کہ آج یہ عمل قلم سے تجلیات تجلیات ہے۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے اول تین روز درود شریف سے اپنی زبان اور قلب کو شاداب رکھیں تیسرے روز کوشش کریں نوچندی جمعرات ہو محبوبہ کی نیک سعد نیک ساعت ہو پہلے فاتحہ دلائیں اور شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ اسکے بعد اس عمل کو ہدایت باترتیب عمل میں لائیں۔ لیکن محبت کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ آپ کا قلب وذہن ہر آلودگی سے پاک ہو۔ اور محبوبہ کا مجسم خیال نگاہوں میں پختہ ہو۔

طریقہ عمل:

دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور اس کے بعد تسبیح وتہلیل اور درود شریف پڑھ کر اپنی ضرورت کے لئے دعا مانگیں اور پھر ان آیات مبارکہ کو بلا تعداد پڑھتے ہوئے محبوب کے پاس جائیں اور وہاں جانے کے بعد دوران ملاقات بھی پڑھتے رہیں۔ جب محبوب ہم کلام ہو تو اس وقت پڑھنا چھوڑ دیں اور بیچ میں وقفہ ملتا رہے تو اس اثناء میں ان آیات کو پڑھیں۔ انشاء اللہ محبوب آپ کی چاہت میں مبتلا ہوگا نہایت مجرب اور مفید عمل اسے آپ تسخیر کے لئے بھی عمل میں لاسکتے ہیں۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا (سورۃ یوسف ۱۲، آیت ۶۸)

اِذَا جَآءَکَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ یَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَکٰذِبُوْنَ (سورۃ منافقون ۶۳ آیت ۱)

❀❀❀

عمل حب کے لئے

دعائے محبت

